ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا یونین کمیٹی نمبر 02 گلشن سعید یوسی آفس کا افتتاح ۔

نیو کراچی ٹاؤن کے انفرااسٹرکچر کے ساتھ بلدیاتی یوسی دفاتر کی بھی تزین وآرائش کی جارہی ہے ۔چیئرمین محمد یوسف

بلدیاتی نمائندوں کی انتھک محنت اورخدمت کا جذبہ انہیں کامیابی کی طرف لے کر جارہا ہے ۔چیئرمین محمد یوسف

ٹاؤن افسران بلاتفریق یوسی چیئرمینز واراکین یوسی کمیٹی سے تعاون کرتے ہیں ۔چیئرمین محمد یوسف

عوامی بلدیاتی نمائندے خدمت کے جذبے سے سرشار اپنے اپنے کاموں میں شب وروز مصروف ہیں ۔وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر

مورخہ: 21/ نومبر 2024ء

کراچی( )چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا ٹاؤن وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ یونین کمیٹی نمبر 02 گلشن سعید یوسی آفس کا افتتاح ۔اس موقع پر یونین کمیٹی نمبر 02 گلشن سعید کے چیئرمین احمر خان ،یوسی وائس چیئرمین فیضان قریشی ،یوسی سیکریٹری ایازالرحمٰن ،یوسی اراکین ،کوآرڈینیٹر چیئرمین حنظلہ انور قریشی ،ایڈیشنل ڈائریکٹر سینی ٹیشن محمد مشتاق خان ،ڈائریکٹر بی اینڈ آر اشتیاق حُسین ،انچارج بی اینڈ آر فیصل صغیر ،انجینئر بی اینڈ آر صفدر ،انجینئر بی اینڈ آر ساجد حُسین ،ڈپٹی ڈائریکٹر باغات آفتاب احمد ،سینئر افسر باغات جاوید جمال ،محکمہ انکروچمنٹ ،ریسکیو ،واٹر اینڈ سیوریج بورڈ ودیگر بلدیاتی افسران بھی موجود تھے ۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے افتتاحی تقریب میں موجود شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کے انفرااسٹرکچر کے ساتھ بلدیاتی یوسی دفاتر کی بھی تزین وآرائش کی جارہی ہے ۔ بلدیاتی نمائندوں کی انتھک محنت اور خدمت کا جذبہ انہیں کامیابی کی طرف لے کر جارہا ہے ۔چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن میں 13 یونین کونسلز ہیں جن کی عمارتیں خستہ حالی کا شکار ہیں ان میں پانچ یونین کونسلز آفس کی حالت بہت زیادہ خراب تھی اور روشنی کے مناسب انتظامات بھی موجود نہیں تھے آج الحمداللہ یونین کمیٹی نمبر 02 گلشن سعید کے چیئرمین ،وائس چیئرمین اور اراکین یونین کمیٹی کی کاوشوں سے یونین کمیٹی میں تزین وآرائش کا کام مکمل ہوچکا ہے جو ایک قابل تعریف عمل ہے اور یونین کمیٹی تزین وآرائش کے بعد ایک خوبصورت منظر پیش کررہی ہے میں یوسی چیئرمین اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنی مستقل مزاجی اور محنت سے عوام کے مسائل کو حل کیا اور اپنے دفاتر کی حالت بھی بہتر کرائی ۔چیئرمین محمد یوسف نے عوام سے مخاطب ہوکر کہا کہ یوسی آفس میں موجود جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے عوام کی خدمت کے لئے موجود ہیں ۔آپ لوگ اپنے بلدیاتی مسائل بلاخوف وخطر جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں کے ساتھ شیئر کریں تاکہ ان مسائل کو حل کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں ۔اس موقع پر یونین کمیٹی نمبر 02 گلشن سعید کے چیئرمین احمر خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹرانزیشن پیریڈ کے خاتمے کے بعد جب ہم اس یوسی میں آئے تو اس یوسی دفتر کی حالت بہت خراب تھی یہاں تک کے بیٹھنے تک کے مناسب انتظامات نہیں تھے اور عمارت کی حالت بہت خستہ تھی لیکن ہم جماعت اسلامی کے نمائندے ہیں اور خدمت کا جذبہ لیکر اپنے علاقوں میں انہیں حالات کے ساتھ کام کرانے شروع کئے الحمد اللہ ہم نے علاقے میں عوام کے بنیادی مسائل کو حل کیا جن میں پینے کے پانی کی فراہمی ،سیوریج لائنوں کی تبدیلی ،سڑکوں کی مرمت وتعمیر ،گلیوں میں پیور بلاک کے کام اور علاقے کو روشن کرنے کے لئے اسٹریٹ لائٹس کو اون کیا گیا ہے انشاء اللہ علاقے میں موجود مسائل کو زیرو کردیں گے آج یوسی چیئرمینز کی کامیابی کے پیچھے ٹاؤن چیئرمین محمد یوسف ،وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر اور ٹاؤن کے افسران کی کاوشیں اور رہنمائی قابل ستائش ہیں ۔تقریب کے آخر میں چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے منتخب نمائندوں اور یوسی اراکین میں تعریفی اسناد بھی تقسیم کیں ۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن